05/01/2026

12.30/ PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ بصارت گل سے خبریں سُنیے۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ نوجوان روشن مستقبل کے معمار اور ملک کی ترقی کے سفر میں ریڈھ کی ہڈی کے مانند ہے ۔ ایل جی نے ان باتوں کا اظہار گونڈا اُترپردیش میں منعقدہ راشٹر کتھا مہو اتسو کی تقریب سے خطاب کرنے کے دوران کیا ۔

انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کیلئے خو د شناسی کا عمل انتہائی ضروری ہے ، جس کے بعد وہ اپنے سماجی اور ملک کی ترقی کے سفر میں ذمہ داری کے ساتھ اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے میں نوجوانوں کے اہم رول کو اجا گر کیا ۔

منوج سنہا نے نوجوانوں کو با اختیار بنانے اور انہیں ملک کی گونا گوں ثقافت اور مالا مال ورثے کے ساتھ جوڑنے کیلئے پارلیمنٹ کے سابق رکن برج بھوشن شرن سنگھ کے رول کی ستائش کی۔

جتندر سنگھ

مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کٹھوعہ میں آئے حالیہ سیلاب میں تباہ ہونے والے ڈھانچوں کی تعمیرِ نو کیلئے مختص کئے جانے والے فنڈس پر نظرثانی کی ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ مرکز نے جموں و کشمیر میں سرکاری اِملاک اور بنیادی ڈھانچے کے نقصان کو پورا کرنے کیلئے ایک ہزار 4سو کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم مختص کی ہے۔ کٹھوعہ میں عارضی طور پر مرمت کیلئے 10 کروڑ روپے منظور کئے گئے ہیں، جبکہ دیگر نقصان زدہ ڈھانچوں کیلئے دو دو کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم کی منظوری دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجاویز کو ایک ہفتے کے اندر اندر تیار کیا جانا چاہیئے، جبکہ تعمیرنو کا کام اگست تک مکمل ہوجانا چاہیئے۔

گرو پورب

آ ج گرو گوبند سنگھ جی کا گرو پورب نہایت ہی مذہبی عقیدت و احترام کیساتھ منایاجا رہا ہے ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گرو گوبند سنگھ جی کی جینتی پر تمام لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔انہوں نے گرو گوبند سنگھ جی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی تعلیمات اور سکھائے ہوئے اقدار ہمیشہ صداقت اور جذبہ ایثار کی ترغیب دیتے ہیں۔ انہوننے دعا کی کہ یہ دن جموں کشمیر میں دائمی امن اور باہمی روا داری کی نوید لیکر آئے ۔

کابینی وزراء، سکینہ ایتو ، جاوید رانا، جاوید ڈار اور ستیش شرما نے بھی گرو پورب کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔

سکینہ ایتو

سماجی بہبود اور صحت کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا ہے کہ معاشرے کی ترقی کا اندازہ سب سے کمزور طبقوں کو دی جانے والی عزت اور انہیں فراہم کی جانے والی سہولیات سے بخوبی لگایا جا سکتاہے۔

Louise Braille کی 217ویں یوم پیدائش کے موقعے پر منعقدہ ایک تقریب سے وزیر نے ان باتوں کا اظہار کل جموں میں خطاب کرنے کے دوران کیا۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر ،سماج سے رشوت خوری کی بدعت کا خاتمہ کرنے اور راشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔

خاص طور سے اراضی گھوٹالوں کے معاملات میں ملوث افراد کے خلاف موثر کارروائی کر رہا ہےACB-

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک کے تاثرات ACB-

اصلاحات

بھارت کے ترقیاتی سفر میں سال2025انتہائی اہم رہا ہے۔اس سال پالیسوں کے نفاذ سے ترقی میں پیشرفت ہوئی ہے -2025بھارت کے توانائی کے شعبے میں اہم سال رہا ۔ اس سال بجلی ، نیوکلیائی اورقابل تجدید توانائی سے متعلق اصلاحات کا نفاذ کیا گیا جو لمبے عرصے سے تعطل کا شکار تھیں۔

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت سال2045تک نیوکلیائی توانائی تک نیوکلیائی توانائی کی صلاحیت کو دس گنا سے زیادہ اضافہ کرنے کے منصوبے کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے ۔

مودی

وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک میں توانائی کی بچت کو یقینی بنانے کیلئے 2015میں آج ہی کے دن اُجالا اسکیم کا آغاز کیا ۔جس کے توسط سے ملک کے لاکھوں کنبوں کوقابل استطاعت قیمتوں پر LED بلبس اور دیگر متعلقہ ساز و سامان فراہم کیا گیا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ